پورٹ فولیو–1

پورٹ فولیو کی سرگرمی–1 (دو صفحات):

اپنے لیے ایک وژن (مستقبل کا پلان) اور ایک ایسا نمایاں جملہ / پنچ لائن طے کریں جو آپ کو دوسروں سے الگ کر دے۔ آج سے پانچ سال بعد آپ خود کو کس طرح دیکھتے ہیں؟ ایک بہترین اور اعلیٰ قسم کا منصوبہ بنائیں کہ آپ کون سی چیزیں سیکھیں گے، کس طرح آپ معاشرے پر اثر انداز ہوں گے، اور معاشرے کے کن کن حصوں پر آپ اپنی توجہ خرچ کریں گے۔ اپنے لیے ایک ٹارگیٹ اور ہدف طے کریں کہ آپ کتنے لوگوں تک پہنچ سکیں گے۔

a) اپنے خود کے مستقبل کے لیے ایک بیانیہ (statement) اور ایک نعرہ (punch line) طے کیجیے۔ آج سے پانچ سال بعد آپ خود کو کیسے / کہاں دیکھتے ہیں؟ ایک بہترین اور اعلیٰ قسم کا منصوبہ بنائیں کہ مستقبل میں آپ کون کون سی چیزیں سیکھیں گے، کس طرح آپ اپنے معاشرے پر اثر انداز ہوں گے، اور معاشرے اور سوسائٹی کے کن حصوں پر آپ زیادہ توجہ دیں گے۔ آپ اندازاً کتنے لوگوں کو پڑھانا چاہتے ہیں؟ کوئی عدد بتائیے۔

b) ایسے 5 چیلنجز بتائیے جن سے آج کل مسلم نوجوانوں کو سب سے زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مسلم نوجوانوں کو پیش آنے والے چیلنجز کو حل کرنے میں اساتذہ کا کیا کردار ہے؟ اساتذہ کے کردار کو مزید مؤثر کیسے بنایا جا سکتا ہے؟

c) ایسے 5 عالمی اداروں کے بارے میں ریسرچ کیجیے جو قرآن فہمی کے کورسز پڑھاتے ہوں اور اُن کی پہنچ عام لوگوں تک بھی ہو۔ اُن میں سے ہر ایک کے بارے میں چند سطریں لکھیے۔

d) کوئی تین اہم وجوہات لکھیے جن کی وجہ سے آپ نے ٹیچر اور استاد بننے کا ارادہ کیا؟ آپ کے پاس اور دیگر کون سے مواقع ہیں؟

e) بتائیے کہ جب مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے موجود ہیں تو پھر قرآنی عربی کیوں پڑھائی جائے؟